فوری ریلیز کے لیے: 1/11/2022 **گورنر *KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے نشوونمائی معذوری کا شکار نیو یارک کے شہریوں کی معاونت کے لیے پانچ سالہ منصوبے کا اعلان کیا

نشوونمائی معذوریوں کے شکار لوگوں کے دفتر کا ایجنسی کی کلیدی ترجیحات طے کرنے کے لیے اسٹیک ہولڈرز؛ خدمات کنندگان کے ساتھ باہمی تعاون

منصوبے کا ہدف افرادی قوت، ٹیکنالوجی اور باہمی تعاون کو مضبوط کرنا؛ جدت کے ذریعے ایجنسی کو بہتر بنانا؛ فرد پر مرکوز معاونتوں اور خدمات میں بہتری لانا ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ ریاست نیو یارک کے دفتر برائے نشوونمائی معذوریوں کا شکار لوگ نے نیو یارک کے شہریوں کے لیے معاونت اور خدمات کو مضبوط بنانے میں مدد کے لیے ایک پانچ سالہ اسٹریٹجک منصوبہ مکمل کیا ہے۔ 18 مہینوں کے دوران اسٹیک ہولڈرز کی خاطر خواہ آراء کے ذریعے تیار کیا گیا، 2027-2023 اسٹریٹجک پلان اگلی نصف دہائی کے دوران ریاست بھر میں نشوونمائی معذوری کے شکار لوگوں کے لیے خدمات کی فراہمی میں رہنمائی کے لیے ایجنسی کی انتہائی اہم ترجیحات کی نشاندہی کرتا اور ان کو ترتیب دیتا ہے۔

"نیو یارک کا خواب ہماری ریاست کے ہر فرد، بشمول نشوونمائی معذوری والے افراد کے لیے حقیقت بننا چاہیے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ پانچ سالہ منصوبہ نیو یارک کے نشوونمائی معذوری کا شکار شہریوں کے لیے ریاست بھر میں معاونت کو مضبوط بنانے اور خدمات کو بڑھانے کے لیے ایک جامع طرز عمل فراہم کرتا ہے - جو سب کے لیے ایک زیادہ شمولیت والی، مساوی ریاست کی تعمیر میں مدد کرتا ہے۔"

یہ منصوبہ ایجنسی کی ترجیحات کو منظم کرتا ہے جن کی شناخت اسٹیک ہولڈرز کی ان آراء کے ذریعے کی گئی ہے جو 2021 میں شروع ہو کر 18 ماہ کے دوران جمع کی گئیں۔ یہ منصوبہ ایجنسی کے تین مجموعی اہداف کی مقاصد اور بہت سے اقدامات کے ساتھ نشاندہی کرتا ہے جو ایجنسی کے مشن میں معاونت کریں گے:

- افرادی قوت کی ٹیکنالوجی اور باہمی تعاون کو مضبوط بنانا
- جدت اور تبدیلی کے ذریعے ایجنسی میں تبدیلی لانا
- افراد پر مرکوز معاونت اور خدمات کو بڑھانا

یہ منصوبہ سب سے اہم اور فوری ترجیح کے طور پر، براہ راست معاون افرادی قوت کو مضبوط بنائے جانے کی نشاندہی کرتا ہے۔ یہ منصوبہ ایجنسی کے ڈیٹا کے استعمال اور اشتراک کے طریقہ کار کو بہتر بنانے؛ معاونت اور خدمات میں بہتری لانے؛ اور اس بات کو یقینی بنانے کا بھی مطالبہ کرتا ہے کہ ایجنسی کے ذریعہ نیو یارک کے شہریوں کی منفرد ضروریات زندگی بھر پوری کی جائیں۔

یہ منصوبہ ریاست کے دماغی حفظان صحت کے قانون کی ایک شرط کو پورا کرتا ہے جو OPWDD سے درکار کرتی ہے کہ وہ عوام کی آراء کے ذریعے ایجنسی کی سرگرمیوں کے لیے رہنمائی تیار کرے۔ OPWDD سالانہ

بنیادوں پر اسٹیک ہولڈرز کو منصوبے کے بیان کردہ مقاصد اور اہداف کے حصول میں پیشرفت کی اطلاع دے گا؛ اور ان سے کامیابی، بہتری درکار کرنے والے شعبہ جات اور کسی بھی ترجیحات میں تبدیلی کے بارے میں آراء حاصل کرے گا۔

ریاست نیو یارک کے دفتر برائے نشوونمائی معذوریوں کے شکار لوگ کی کمشنر Kerri Neifield نے کہا، "مجھے ایجنسی کا اسٹریٹجک منصوبہ جاری کرنے پر بہت فخر ہے جو نشوونمائی معذوری کے حامل لوگوں اور ان کے خاندانوں کو ہمارے نظام اور ان کی زندگیوں میں حاصل ہونے والے تجربے کو بہتر بنانے کے لیے ہمارے رہنما کے طور پر کام کرے گا۔ حتمی منصوبہ OPWDD کے حاصل کرنے کے لیے ہمارے اسٹیک ہولڈرز کے اعلیٰ ترین ترجیح رکھنے والے اہداف اور مقاصد کو ظاہر کرتا ہے اور آنے والے سالوں میں ایجنسی کی توجہ مرکوز کرنے کے حوالے سے رہنمائی کرے گا۔ میں نظام کو مزید مساوی، پائیدار اور جن کی ہم معاونت کرتے ہیں ان لوگوں کی ضروریات کا جواب دینے والا بنانے کے لیے مل کر کام کرنے کی منتظر ہوں۔"

ریاستی سینیٹر John W. Mannion نے کہا، "معذوری سے متعلق کمیٹی کے چیئرمین کی حیثیت سے میں نے OPWDD کے اس منصوبے کو تیار کرنے کے لیے اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ کام کرنے کی بھرپور وکالت کی ہے اور اس کا نتیجہ حوصلہ افزا ہے۔ OPWDD کو آخری بار اسٹریٹجک منصوبہ بنائے ہوئے دس سال سے زیادہ کا عرصہ گزر چکا ہے اس لیے میں گورنر Hochul کی جانب سے ایجنسی کے افعال، ترجیحات کو بہتر بنانے اور اس بات کی نشاندہی کرنے میں اس اہم قدم کی تعریف کرتا ہوں کہ یہ کس طرح معذور کمیونٹی کی بہترین خدمت کر سکتا ہے۔ آئندہ کے لیے، میں اس بات کو یقینی بنانے پر توجہ مرکوز کروں گا کہ یہ منصوبہ شفافیت اور باقاعدہ نگرانی کے ساتھ مکمل ہو۔"

ریاست نیو یارک کی سیلف ایڈووکیسی ایسوسی ایشن کے صدر Tony Phillips نے کہا، "ہم OPWDD کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے نیا اسٹریٹجک منصوبہ تیار کیا جانے کے دوران اپنے لیے خود آواز بلند کرنے والوں کی بات کو سنا۔ ریاست نیو یارک کی سیلف ایڈووکیسی ایسوسی ایشن میں، ہمارا ماننا ہے کہ فرد پر مرکوز معاونت اور خدمات پر ایک نئے سرے سے توجہ مرکوز ہونا اولین ترجیح ہونا چاہیے۔ اگرچہ ہمیں اپنے عملے کی معاونت کی ضروریات کو پورا کرنے اور اپنے نظام کو تبدیل کرنے میں ایک طویل سفر طے کرنا ہے، یہ واضح ہے کہ ہم صحیح سمت میں بامعنی قدم اٹھا رہے ہیں۔"

ریاست نیو یارک کی دماغی فالج کی ایسوسی ایشن کے صدر اورCEO Mike Alvaro نے کہا، "I/DD کے حامل لوگوں کے لیے صحت اور طبی خدمات تک رسائی کو یقینی بنانے کے اختراع کاروں کے طور پر، CP اسٹیٹ کو یہ دیکھ کر خوشی ہے کہ OPWDD کا اسٹریٹجک منصوبہ اس اہم کردار کا احاطہ کرتا ہے جو ان کی خدمات ریاست نیو یارک میں معذور افراد کی صحت کو بہتر بنانے کے لیے ادا کرتی ہیں۔ ہم OPWDD کے، رہائش، کلینک، دن کی سرگرمیوں، روزگار اور ہماری کمیونٹی کے معیار زندگی اور مجموعی صحت کو بہتر بنانے کے لیے انتہائی لازم خدمات میں اختراعات کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے بہترین طریقہ ہائے کار کو فروغ دینے اور رسائی کو ہموار کرنے کے لیے ایجنسیز کے مابین اختراعات کی حمایت کرنے کے دوران، ان کے ساتھ کام کرنے کے منتظر ہیں۔"

نیو یارک الائنس فار انکلوژن اینڈ انوویشن کے صدر اور CEO Michael Seereiter نے کہا، "NY الائنس فار انکلوژن اینڈ انوویشن، OPWDD کے اسٹریٹجک منصوبے کے اجراء کا خیرمقدم کرتا ہے، جو منصوبہ بندی کے ایک جامع عمل کی تکمیل ہے جس میں اسٹیک ہولڈرز کو ترسیل کا ایک ایسا نظام بنانے کے مقصد کے تحت شامل کیا گیا جو ریاست نیو یارک میں ذہنی اور نشوونمائی معذوریوں کے حامل افراد کی ضروریات کی معاونت کے لیے رسائی، مساوات اور استحکام کو یقینی بناتا ہے۔ ہم معذور افراد، ان کے خاندانوں اور ان کی مدد کرنے والی تنظیموں کے لیے مثبت تبدیلی میں تیزی لانے والے عامل اور اہم وسیلے طور پر، OPWDD کے ساتھ کام جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہیں۔"

نشوونمائی معذوریوں سے متعلق ایجنسیز کی انٹر ایجنسی کونسل کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Thomas McAlvanah نے کہا، "انٹر ایجنسی کونسل، OPWDD کے اپنے اگلے 5 سالوں کی اسٹریٹجک منصوبہ بندی کا عمل شروع کرنے کے موقعے پر ان کے ساتھ شراکت داری کرتے ہوئے پرجوش ہے۔ ہم آواز بلند کرنے والوں،

خاندانوں، خدمات فراہم کنندگان کی آواز سننے کے لیے ان کی کاوشوں پر مبارکباد پیش کرتے ہیں اور I/DD کمیونٹی کے تمام ارکان کو مستقبل کے لیے اس کے وژن کو تیار کرنے کے لیے اُن کی کوششوں کے لیے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ گورنر Hochul، کمشنر Neifeld اور OPWDD کی قیادت کا شکریہ۔"

New York Association of Emerging & Multicultural Providers, Inc. کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Yvette Watts نے کہا، "OPWDD کے اسٹریٹجک منصوبے کے اندر بیان کردہ نقطہ نظر تنوع، مساوات اور شمولیت کے لیے گورنر Hochul کے عزم کا اعادہ کرتا ہے اور نیو یارک ایسوسی ایشن برائے ایمرجنگ اینڈ ملٹی کلچرل پرووائیڈرز میں ہم، ذہنی اور نشوونمائی معذوریوں کے شکار افراد کی زندگیوں کو تبدیل کرنے کے لیے ان کے اور ان کی ٹیم کے ساتھ شراکت داری کرنے کے لیے تیار ہیں۔ یہ ایک بہت اچھا پہلا قدم ہے۔"

People Inc. کی صدر اور CEO Rhonda Frederick نے کہا، "People Inc. کو ریاست نیو یارک کے دفتر برائے نشوونمائی معذوریوں کا شکار لوگ، کے اسٹریٹجک منصوبے کے حتمی ورژن کو بار آور ہوتا دیکھ کر خوشی ہے۔ منصوبے کی تشکیل کا عمل اچھی طرح سے سوچا گیا اور جامع تھا، جس میں مختلف جہتوں سے تعلق رکھنے والے اسٹیک ہولڈرز کی جانب سے آراء کے ذریعے اس بات کو یقینی بنایا گیا کہ سب کی آواز سنی جائے۔ 5.07 منصوبہ ریاست نیو یارک میں نشوونمائی معذوری کا شکار لوگوں کے لیے خدمات کا معیار مقرر کرے گا اور People Inc. ایک روشن مستقبل کے لیے پر امید ہے۔"

OPWDD کا 2023-2027 اسٹریٹجک منصوبہ اور منصوبہ بندی کے عمل کے بارے میں معلومات OPWDD کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں OPWDD اس سٹریٹجک منصوبے اور سادہ زبان میں منصوبے کے خلاصے کو 12 زبانوں میں دستیاب کرے گا۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418